## سوال

مرد و عورت کی نماز میں فرق

## جواب

مرداور عورت کی نماز میں فرق السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز اس طرح پڑھو جس طرح مجھے پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو! تو کیا عورت بھی ویسے ہی ادا کریگی، جیسے مرد ادا کرتے ہیں؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! مرد اور عورت دونوں کی نماز نبی کریم کے طریقے کے مطابق ہوگی اوران دونوں کی نماز میں کوئی فرق نہیں ہے۔ اور جن روایات میں فرق کا تذکرہ آیا ہے وہ سب ضعیف اور کمزور ہیں۔ مزید تفصیل کے لئے دیکھیں فتوی نمبر (1638)

http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/1638/12/ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث